رہبر معظم سے بحریہ کے سربراہ اور اعلی کمانڈروں کی ملاقات - 28 /Nov/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی اور مسلح افواج کے کمانڈر انچیف حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اسلامی جمہوریہ ایران کیبحریہ کے سربراہ اور اعلی کمانڈروں کے ساتھ ملاقات میں درخشاں صلاحیتوں سے بھر پور استفادہ کے جذبہ ، افرادی قوت کے استحکام اورخلاقیت کو بحریہ کےمستقبل کے لئےعملی میدان میں لانے کو بہت ہی اہم قراردیتے ہوئے فرمایا: یہ اہم کام پختہ عزم و ارادہ ، اچھے منصوبہ اور دائمی و مسلسل نظارت و نگرانی کے سائے میںمحقق ہوجائے گا۔

رہبر معظم انقلاب اسلامیاور مسلح افواج کے سربراہ نے ساتویں آذر کی یاد تازہ کی اور اسلامی جمہوریہ ایران کی بحریہ کو مؤثر اور قابل فخر فوج قراردیتے ہوئے فرمایا: دنیا کے موجودہ مسائل اور دنیا کی موجودہ سیاسی جغرافیائی صورتحال کے پیش نظر ہمیں سمندر اور ساحل کی حدود میں جسقدر ممکن ہوسکے خود کو مضبوط اور مستحکم بنانا چاہیے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نےاپنے خطاب کے اختتام میں اسلامی جمہوریہ ایران کی بحریہ کی آمادگي اورجوش و جذبہ کو انقلابی قراردیا اوربحریہ میں سپاہ اور فوج دونوں کے باہمی تعاون کو قابل تعریف اور لائق تحسین قراردیا۔

اس ملاقات کے آغاز میں اسلامی جمہوریہ ایران کی بحریہ کے سربراہ ایڈمیرل سیاری نے اسلامی جمہوریہ ایران کی بحریہ میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ ، بحریہ کے جوانوں کی مؤثرآمادگی اور بحریہ کی دفاعی طاقت و قدرت کے بارے میں ایک جامع رپورٹ پیش کی۔